- شہر لکھنؤ کے صحافتی اداروں کا دورہ کریں گے اور اخبارات کی اشاعت کے مختلف طریقۂ کار سے واقفیت حاصل کریں گے۔

# M.A. (Urdu) Semester III
# Paper 19
# Interdepartmental Course
## (A) MOOCS Programme
## MOOCSکا کوئی پروگرام
## Paper Code: URDIER 301

Total Marks: 100

(Internal=30+End Semster=70)

Total Credit: 4

Total: 45 Lectures, 15 Tutorials

### Course Outcomes

مذکورہ کورس طلبہ کو درج ذیل سہولیات فراہم کرے گا:

- ریاستی اور مرکزی حکومت آن لائن اور ڈیجیٹل تدریس کو فروغ دینے کی سمت میں بہت فعال اور سنجیدہ ہے۔ چنانچہ قومی تعلیمی پالیسی2020 کے تحت آن لائن اور ڈیجیٹل موڈ میں تعلیم وتدریس کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے۔ اسی مقصد کے حصول کے پیش نظر شعبۂ اردو نے طلبہ کو یہ سہولت فراہم کی ہے کہ دستیاب آن لائن اوپن تعلیمی پورٹل یعنی MOOCS سے وہ اپنی دلچسپی کا کوئی کورس آزادانہ طور پر منتخب کرسکتے ہیں۔ آن لائن کورسز کا باقاعدہ رجسٹریشن ہوتا ہے، تعلیمی وتدریسی سرگرمیاں آن لائن جاری رہتی ہے، نیز اسی موڈ میں ان کے امتحانات منعقد کیے جاتے ہیں۔ طلبہ سے یہ امید کی جاتی ہے کہ وہ اپنی دلچسپی اور افادیت کے مدنظر کوئی کورس منتخب کرتے ہوئے اس کو مکمل کریں گے۔
- کورس کی تکمیل سے جہاں طلبہ کو چوائس بیسڈ کریڈٹ سسٹم کا فائدہ ملے گا وہیں آن لائن تعلیم وتدریس کو بھی مزید فروغ ملے گا، نیز طلبہ کو آن لائن کورسز کی فراہمی سے متعدد کورس کی سہولت بھی مل سکے گی۔

# M.A.(Urdu) Semester 1, Paper 5
# Minor Elective
# Urdu Shanasi

اردو شناسی

Paper Code: URDME 105

**Total Marks: 100**

**(70+30=End Sem+Internal)**

**Total Credit: 4**

## Course Outcomes

اس کورس کا مقصد طلبہ کے اندر درج ذیل صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔

- داستان اردو کی ایسی نثری صنف ہے جس میں ہندوستانی تہذیب و ثقافت کی بھرمار ہے، داستانوں بالخصوص باغ و بہار کے ذریعہ طلبہ کو زبان و اسلوب کے ساتھ ہندوستانی تہذیب و ثقافت سے واقف کرانا ہے۔
- ناول میں انسان کی حقیقی زندگی کی عکاسی کی جاتی ہے، اس صنف کے ذریعہ طلبہ کو سیاسی، سماجی، معاشی اور ثقافتی زندگی اور مختلف انسانی مسائل کے بارے میں معلومات فراہم کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ڈپٹی نذیر احمد کے اصلاحی کوششوں سے بھی واقف کرانا ہے۔
- شبلی کے مضمون سرسید مرحوم اور اردو لٹریچر میں ماہر تعلیم اور مصلح ملک و ملت سرسید احمد خان کے جدید نثری اسالیب کے بارے میں ذکر ہے، اس سے طلبہ کو سرسید احمد کے نثری اسالیب اور ادبی مقاصد سے آگاہ کرانا ہے۔
- خطوط میں سیاسی، ادبی، سماجی، ثقافتی اور سوانحی احوال بیان کئے جاتے ہیں، غالب کے خطوط میں یہ تمام خصائص پائی جاتی ہیں، غالب نے اردو خطوط کو ایک نیا اسلوب و انداز عطا کیا ہے، طلبہ کو اس سے واقف کرانا ہے۔
- بادشاہوں کی شان میں قصائد کو پیش کرتے ہوئے شعرا اپنی تمام تر شعری صلاحیت کا استعمال کرتے ہیں، اس کے ذریعہ اردو قصیدہ گوئی میں بیان و اسلوب اور شاعرانہ قدرت سے واقف کرانا ہے۔

- داستانوں کی طرح مثنویاں بھی تہذیب وثقافت کے بیان سے پر ہیں، میر حسن اردو کے ایک اہم مثنوی نگار ہیں، انہیں شاعری میں بے پناہ قدرت ہے، اس کے ذریعہ طلبہ کو مثنویوں میں بیان کئے گئے ہندوستانی کلچر اور میر حسن کے اسلوب بیان سے واقف کرانا ہے۔
- شاعری کی دوسری اصناف نظم اور غزل میں شعرانے زبان وبیان کی چاشنی کے علاوہ اصلاحی اور بامقصد شاعری کی ہے، اس کے ذریعہ نظیر اور اقبال کی نظمیہ شاعری اور ان کے پیغامات طلبہ تک پہنچانا اور فانی، حسرت، جگر، فراق اور فیض کی غزلیہ خدمات بھی طلبہ تک پہنچانا ہے۔

## Unit-I

داستان :میر امن :ایک خدا پرست شہزادی کی داستان

ڈراما :امتیاز علی تاج :انار کلی کا ایک باب

## Unit-II

ناول :نذیر احمد :نصوح کی بیماری

افسانہ :پریم چند :عید گاہ

## Unit-III

مضمون :شبلی :سرسید مرحوم اور اردو لٹریچر

خطوط نگاری:غالب :خطوط غالب

(اتر پردیش اردو اکادمی سے شائع شدہ انتخاب خطوط غالب سے دو ابتدائی خطوط)

## Unit-IV

قصیدہ :غالب :درمدحِ بہادر شاہ(ہاں مہِ نو)

مثنوی :میر حسن :داستان شہزادے کے غائب ہونے کی

## Unit-V

نظم :نظیر :آدمی نامہ

اقبال :نیاشوالہ

غزل فانیؔ(دنیا مری بلا جانے مہنگی ہے یا سستی ہے)، حسرت (چپکے چپکے رات دن آنسو بہانا یاد ہے)

جگر (یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجے)

فراق (بہت پہلے سے ان قدموں کی آہٹ جان لیتے ہیں) فیض (گلوں میں رنگ بھرے)

مشق: شامل نصاب متن کی تشریح وتنقید

کتابیات

اردو نثر کا فنی ارتقا :فرمان فتح پوری

اردو شاعری کا فنی ارتقا :فرمان فتح پوری

تاریخ ادب اردو :نورالحسن نقوی

# M.A. (Urdu) Semester IV
# Paper 20
# Core Course

**Rhetoric (Ilme bayan, Ilme badee aur Ilme Arooz)**

علم بیان، علم بدیع اور علم عروض

## Paper Code: URDCC 401

**Total Marks: 100**

**(Internal=30+End Semster=70)**

**Total Credit: 4**

**Total: 45 Lectures, 15 Tutorials**

### Course Outcome

- اس پرچے کی غرض وغایت طالب علم پر نفسِ مضمون کی اہمیت واضح کرنا نیز اس کے ادبی اطلاق وسماجی انسلاک سے متعلق اس کے ذہن ودل میں دلچسپی پیدا کرنا اور جذبۂ عمل بیدار کرنا ہے۔
- نفسِ مضمون کی اہمیت کے پیش نظر طالب علم کو لفظ کی ماہیت اور قوت کے عرفان وادراک کا درس دیا جاتا ہے۔
- طالب علم کی توجہ اس جانب مبذول کرائی جاتی ہے کہ کس طرح لفظ 'کن' کی لامحدود طاقت کے ذریعہ اتنی عظیم الشان کائنات عالم وجود میں آئی۔
- طالب علم کو یہ باور کرایا جاتا ہے کہ کائنات کے آغاز میں سب سے پہلے کیسے 'لفظ' تھا اور 'لفظ' کیسے 'خدا' تھا۔
- طالب علم کو اس حقیقت سے واقف کرایا جاتا ہے کہ خلقت اور جبلت کے اعتبار سے انسان اور حیوان یکساں ہیں لیکن کلام و گویائی کی صفت سے متصف ہونے کے باعث انسان حیوان سے ممیز اور اس پر ممتاز ہے، اسی لئے انسان کو حیوانِ ناطق کہا جاتا ہے۔
- خدا اور انسان دونوں فرد ہیں۔ جس طرح خدا نے اپنے کلام کے ذریعہ اپنی انفرادیت قائم رکھی ہے اسی طرح انسان بھی اپنے طرز بیان کے ذریعہ اپنی انفرادیت قائم رکھتا ہے۔ اسی لئے حضرت علی فرماتے ہیں بولو تاکہ پہچانے جاؤ اور انسان کی شخصیت اس کی زبان کے نیچے ہے۔
- اس مضمون کے بالاستیعاب مطالعہ کے بعد طالب علم شناخت کے بحران پر بڑی حد قابو پالیتا ہے جو آج ایک عالمگیر مسئلہ کی شکل اختیار کرچکا ہے۔

- اپنی شخصیت کا اثبات اور اپنے مافی الضمیر کا اظہار انسان ہی نہیں کائنات کی ہر مخلوق کی اولین خواہش ہے۔ اسی خواہش کی تکمیل و تعمیل کے تحت تخم ر، ہ، دانہ زمین کو پھاڑ کر سربلند ہوتا ہے۔ خوشبو شیرازہ گل چاک کر کے آزادہ روی اختیار کرتی ہے اور شمس و قمر پردہ ظلمت کو چاک کر کے ظہور پذیر ہوتے ہیں۔
- علم بیان سماجی و سائنسی علوم کا محتاج نہیں ہوتا لیکن سماجی و سائنسی علوم علم بیان کے وسیلے سے اپنے نفس مضمون کی ترویج و اشاعت بہت دلکش اور اثر انگیز طریقے سے کر سکتے ہیں۔ چنانچہ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ اردو کے زمانہ عروج میں ایوان نمائندگان سے لے کر عدالتی دستاویزات اردو اشعار و مقفیٰ و مسجع عبارتوں سے روشن ہیں۔
- آج کی مادہ پرست اور مصروف دنیا جب کبھی شعر و سخن کی بارگاہ میں وارد ہوتی ہے تو صرف چند پل میں نہ صرف یہ کہ اعصاب کی تھکن سے نجات حاصل کر لیتی ہے بلکہ روحانی بالیدگی، جمالیاتی تسکین اور حظ و مسرت کی سوغات بھی حاصل کر لیتی ہے۔
- زبان و بیان پر فنکارانہ دسترس حاصل کر کے آج کا عدیم الفرصت معاشرہ 'من بھر' کا مضمون 'تولہ بھر' الفاظ میں ادا کر سکتا ہے۔

## Unit-I

علم بلاغت کا تصور

فصاحت اور بلاغت کا فرق

علم بیان کی تعریف، علم بیان کے اجزا

تشبیہ، ارکان تشبیہ، اقسام تشبیہ

استعارہ اور ارکان استعارہ

## Unit-II

مجازِ مرسل، تعریف اور بعض علاقے (چوبیس معروف علاقوں میں سے چھ علاقے) مع مثالیں

جزو اور کل کا علاقہ، کل اور جزو کا علاقہ، ظرف اور مظروف کا علاقہ، سبب اور مسبب کا علاقہ مع مثالیں

کنایہ، اقسامِ کنایہ، تعریض، تلویح، کنایہ قریب، کنایہ بعید

## Unit -III

علم بدیع کی تعریف

صنائع لفظی: تجنیس، اقسامِ تجنیس، تجنیس تام، تجنیس محرف، تجنیس ناقص، تجنیس خطی، صنعت مہملہ، صنعت فوق النقاط، صنعت تحت النقاط

## Unit-IV

صنائع معنوی: لف و نشر مرتب و غیر مرتب، مبالغہ اور اقسامِ مبالغہ، سیاقۃ الاعداد، ی د سدیق الصفات، تاریخ، جامع اللسانین، سوال وجواب، تلمیح، حسن تعلیل، تجاہلِ عارفانہ

## Unit-V

علمِ عروض: تعریف اور تاریخ

ملفوظی اور مکتوبی آوازوں کا فرق

بحر اور وزن کی بحث، بحروں کی اقسام، مفرد بحریں، مرکب بحریں

تقطیع کی مشق

معاون کتب:

| | |
|---|---|
| بحر الفصاحت | :نجم الغنی |
| موازنہ انیس ودبیر | :شبلی نعمانی |
| شعر العجم جلد چہارم | :شبلی نعمانی |
| مرآۃ الشعر | :مولوی عبد الرحمن |
| آئینہ بلاغت | :مرزا محمد عسکری |
| درس بلاغت | :قومی اردو کونسل |
| تفہیم البلاغت | :وہاب اشرفی |
| فرہنگِ تلمیحات | :ڈاکٹر ثوبان سعید |
| اردو شاعری میں صنائع وبدائع | :رحمت یوسف زئی |
| فن شاعری | :علامہ اخلاق حسین دہلوی |
| عروض آہنگ اور بیان | :شمس الرحمان فاروقی |
| قواعد العروض | :قدر بلگرامی |

# M.A. (Urdu) Semester IV
## Paper 21
## Elective
## (A) Urdu Drama and Stage
## اردو ڈراما اور اسٹیج
## Paper Code: URDEL 401

Total Marks: 100
(Internal=30+End Semster=70)
Total Credit: 4
Total: 45 Lectures, 15 Tutorials

### Course Outcome

مذکورہ کورس کا مقصد طلبہ کے اندر درج ذیل صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔

- اردو ڈرامہ نگاری کے فنی خوبیوں اور باریکیوں کے ساتھ اس کی روایت سے طلبہ کو واقف کرانا۔
- اردو ڈرامے کے اجزائے ترکیبی' اس کے اقسام اور اس کے پس منظر سے طلبہ کو واقفیت بہم پہنچانا
- ڈرامے کی مغربی روایت کے علاوہ مشرقی روایت سے روشناس کرانا
- اسٹریٹ اور ریڈیائی ڈرامے کے فرق کو طلبہ پر واضح کرنا
- نصاب میں شامل متون کی تدریس کے ذریعے اردو ڈراموں میں عہد بہ عہد فنی اور فکری سطح پر تبدیلیوں سے طلبہ واقف کرانا
- اردو ڈرامہ نگاری کے ارتقائی سفر میں مختلف تحریکات اور رجحانات نے کس طرح کے اثرات مرتب کیے ہیں' ان سے طلبہ کو واقف کرانا
- شامل نصاب متون میں ہندوستان کی مشترکہ تہذیب اور ثقافت کی نشاندہی کرتے ہوئے معاصر عہد کی سماجی اور معاشرتی صورتحال میں اس ورثے کی اہمیت وافادیت سے طلبہ کو واقفیت بہم پہنچانا
- معاصر عہد کے اردو ادبی منظرنامے میں ڈرامے کی صورتحال سے طلبہ کو روشناس کرانا

### Unit-I

ڈرامے کا فن

ڈرامے کے اجزائے ترکیبی

ڈرامے کے اقسام

Unit-II

ڈرامے کی وحدت ثلاثہ

ڈرامے کے داخلی عناصر

ڈرامے اور اسٹیج کا رشتہ

Unit-III

ڈرامے کی پیش کش کے مختلف ذرائع: اسٹریٹ ڈرامہ 'ریڈیائی ڈرامہ

ڈرامے کی مشرقی روایت

ڈرامے کی روایت مغرب میں

اردو میں ڈرامے کی روایت اور ارتقا

Unit-IV

اردو ڈرامے میں موضوعاتی وفنی تجربے

معاصر عہد میں ڈرامے کی صورتحال

حبیب تنویر 'محمد حسن اور شمیم حنفی کی ڈرامہ نگاری کا مطالعہ

Unit- V

شامل نصاب ڈراموں کا مطالعہ

اندر سبھا: امانت لکھنوی

سلور کنگ: آغا حشر کاشمیری

آگرہ بازار: حبیب تنویر

ضحاک: محمد حسن

دھوپ کی دستک: شمیم حنفی

**معاون کتب**

اردو ڈرامہ کا ارتقا : عشرت رحمانی

اردو ڈرامے کی تاریخ وتنقید: عشرت رحمانی

اودھ کا شاہی اسٹیج : مسعود حسن رضوی ادیب
اودھ کا عوامی اسٹیج : مسعود حسن رضوی ادیب
آغا حشر اور ان کے ڈرامے : وقار عظیم
اردو ڈرامہ فن اور روایت : محمد شاہد حسین
اردو ڈرامہ : عطیہ نشاط

# M.A. (Urdu) Semester IV
## Paper 21
## Elective
## (B) Aligarh Movement
## علی گڑھ تحریک
## Paper Code: URDEL 401

Total Marks: 100
(Internal=30+End Semster=70)
Total Credit: 4
Total: 45 Lectures, 15 Tutorials

### Course Outcome

مذکورہ کورس کی تکمیل کے بعد طلبہ کے اندر درج ذیل صلاحیتوں کا فروغ ہو سکے گا:

- علی گڑھ تحریک اردو زبان وادب کی تاریخ کا ایک اہم سنگ میل ہے۔ جس کے مطالعے کے بعد طلبہ زبان وادب کی سمت ورفتار سے واقف ہو سکیں گے؛
- چند اصطلاحی الفاظ مثلاً تحریک، رجحان یا دبستان کے مفاہیم کی تعیین کر سکیں گے، نیز ان کے درمیان امتیاز واشتراک کے رشتوں کو پہچان سکیں گے؛
- علی گڑھ تحریک کا مطالعہ ہندوستان کی بدلتی ہوئی سیاسی اور سماجی مطالعے کی ایک اہم کڑی کے طور پر کیا جا سکتا ہے، جس سے طلبہ ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی کی پیدا کردہ بحرانی صورت حال کے حقائق سے واقف ہو سکیں گے؛
- علی گڑھ تحریک سماجی اور تعلیمی بیداری کی سمت میں بھی اپنا ایک مقام رکھتی ہے، اس کے مطالعے سے طلبہ برصغیر خاص طور سے شمالی ہندوستان میں تعلیمی اور سماجی اصلاح کی مختلف مساعی سے واقفیت حاصل کر سکیں گے؛
- سرسید اور رفقائے سرسید کی مختلف الجہات خدمات نہ صرف اپنے دور کے تقاضوں کے عین مطابق تھیں، بلکہ ان کے اثرات نئی نسل اور نئی زندگی پر بھی مرتب ہوئے ہیں۔ چنانچہ ان عبقری شخصیات کے کارناموں سے نئی نسل نہ صرف واقف ہوگی بلکہ ان کے نقش قدم پر چل کر مستقبل کی تعمیر کا کارنامہ بھی انجام دے سکتی ہے۔
- علی گڑھ تحریک ادب کے افادی پہلوؤں کی ترجمان رہی ہے۔ یہ تحریک زندگی کے حقائق کو ادب میں پیش کرنے کی سمت میں کوشاں رہی ہے۔ چنانچہ یقین ہے کہ تحریک کے مطالعے سے طلبہ کے اندر بھی ادب کی سماجی افادیت اور سماجی انسلاک کے جوہر پیدا ہو سکیں گے؛

- علی گڑھ تحریک سے قبل اردو زبان وادب کا سرمایہ نثر کی حد تک بہت محدود تھا۔ یہ تحریک کا فیضان تھا کہ نثری سرمایے میں اس کی بدولت بہت گراں قدر اضافے ممکن ہو سکے۔ چنانچہ افسانوی نیز غیر افسانوی ادب کی بیش تر اصناف اسی تحریک کی زائیدہ ہیں۔ تحریک کے مطالعے سے طلبہ کو ان اصناف کی ابتدا اور ارتقا کے مختلف مراحل سے واقف کرانا ہے۔
- علی گڑھ تحریک کا مطالعہ یقیناً طلبہ کو اس بات کے لیے مہمیز کرنے کا کام کر سکتا ہے کہ نامساعد اور پر آشوب حالات میں استقلال وثابت قدمی کے ساتھ ملک وملت اور ادب وسماج کی خدمت کس طرح کی جاسکتی ہے۔

Unit-I

علی گڑھ تحریک کا پس منظر

علی گڑھ تحریک کے اغراض ومقاصد

علی گڑھ تحریک کی فکری اساس

Unit-II

بانی علی گڑھ تحریک سر سید احمد خاں

علمی خدمات

ادبی خدمات

صحافتی خدمات

علی گڑھ تحریک ک اولین معمار

حالی، شبلی

نذیر احمد، محسن الملک

چراغ علی، مولوی ذکاء اللہ

Unit-III

علی گڑھ تحریک اور اردو نثر

علی گڑھ تحریک اور اردو شاعری

علی گڑھ تحریک اور اردو صحافت

Unit-IV

علی گڑھ تحریک اور اصناف ادب

تنقید نگاری

تحقیق نگاری

سیرت/سوانح نگاری

تاریخ نویسی

Unit- V

علی گڑھ تحریک اور اصناف ادب

مضمون نگاری

نظم نگاری

ناول نگاری

مکتوب نگاری

عہد حاضر میں علی گڑھ تحریک کی اہمیت

**معاون کتب:**

سرسید اور ان کے نامور رفقا : سید عبداللہ

مطالعہ سرسید احمد خاں : عبدالحق

سرسید اور ان کے کارنامے : نورالحسن نقوی

اردو میں سوانح نگاری : سید شاہ علی

حالی کا سیاسی شعور : معین احسن جذبی

حیات شبلی : سید سلیمان ندوی

یادگار حالی : صالحہ عابد حسین

نذیر احمد (مونوگراف: جمیل اختر

سرسید اور جدیدیت: افتخار عالم خاں

اردو ادب کے ارتقا میں ادبی تحریکوں اور رجحانوں کا حصہ: منظر اعظمی

اردو ادب کی تحریکیں : انور سدید

# M.A. (Urdu) Semester IV
## Paper 22
## Elective
## (A) Urdu Poetry (Nazm)
اردو نظم
## Paper Code: URDEL 402

Total Marks: 100

(Internal=30+End Semster=70)

Total Credit: 4

Total: 45 Lectures, 15 Tutorials

### Course Outcomes

مذکورہ کورس کی تکمیل کے بعد طلبہ درج ذیل نکات کے حصول اور ان کے تجزیے کے اہل ہو سکیں گے:

- چوں کہ شاعری انسانی جذبات واحساسات کی بہترین عکاسی کرتی ہے، اس لیے اس میں جذبات واحساسات کا ایک جہان آباد ہوتا ہے۔ اس کے مطالعے سے انسانی جذبات کی تفہیم میں بھرپور مدد ملتی ہے۔ نظم میں چوں کہ عنوان کی پابندی ہوتی ہے، لیکن موضوع کی قید نہیں ہوتی، اس لیے نظموں میں موضوعات کی رنگارنگی کی بدولت لاتعداد موضوعات پر غور وفکر کا موقع فراہم ہوتا ہے۔ یہ غور وفکر قاری کو مسائل کی تفہیم اور اس کے تجزیے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔
- اردو نظم کا سرمایہ بے حد وقیع ہے۔ اس کے موضوعات کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ اس کے سرمایے میں رومانی، سماجی، قومی اور وطنی غرض کہ ہر قسم کی شاعری کا خزانہ موجود ہے۔ اس نقطۂ نظر سے نظم کا مطالعہ جذباتی، معاشرتی، تہذیبی اور اصلاحی زاویے سے کیا جانا مفید مطلب ہوتا ہے۔
- حالیؔ اور اکبر الہ آبادی کی نظمیں مشرقیت سے محبت کے ساتھ ساتھ قومی اصلاح کا پیغام سناتی ہیں۔ چکبست کی شاعری قومی محبت کے جذبے کو برانگیختہ کرتی ہے۔ اقبال کی شاعری تحریک وعمل سے عبارت ہے، انسان کی اہمیت کی ترجمانی کرتی ہے۔ جوشؔ کی شاعری انقلاب اور باغیانہ تیور کے سہارے ہمارے جذبات کو متحرک کرتی ہے۔
- ترقی پسند نظم گو شعرا مجاز، فیض، ساحر، علی سردار جعفری اور مخدوم کی شاعری سماجی افادیت، طبقاتی کش مکش، فکرونظر کی آزادی نیز عوام کے مسائل وجذبات کی ترجمان نظر آتی ہے۔ اس لیے ان کے مطالعے سے لازمی طور پر قاری ان تمام

موضوعات سے روبرو ہوگا جو ان نظموں کی روح ہیں۔ اس لیے قاری کے اندر سماجی رشتوں کی عظمت، اور انسان کے جدوجہد کی کہانی سے متاثر ہونا فطری بات ہے، جس کا اثر اس کی شخصیت اور اس کی کارکردگی پر ضرور مرتب ہوگا۔

- اختر الایمان، ن م راشد اور میراجی کی شاعری خارج سے زیادہ داخلی دنیا کا نغمہ سناتی ہے۔ ان کا کلام دل کی آگ کو شاعری کے سہارے باہر نکالتا ہے۔ اس لیے ان کی افادیت یہ ہے کہ انسانی فطرت کے نہاں خانوں میں داخل ہونے کا یہ شاعری ایک مضبوط وسیلہ بنتی ہے، جس کے مطالعے سے نفسیات انسانی کی گرہ کشائی ہوتی ہے۔
- اردو نظم میں قومی اور وطنی شاعری کی کثرت، حصولِ آزادی میں انفرادی اور اجتماعی کوششوں کی ترجمانی؛ الغرض بہت سارے ایسے موضوعات ہیں جو ملک و قوم کے لیے مفید مطلب ہیں۔ ان کے مطالعے سے نہ صرف قاری کی ذہنی تربیت ہوگی بلکہ وہ ملک و قوم کے لیے جاں نثاری کے جذبے سے بھی سرشار ہوگا۔ اسے اپنے اسلاف کی قربانیوں سے واقفیت ہوگی، نیز اردو کی انقلابی شاعری کے مطالعے سے یہ تاثر مل سکے گا کہ اردو نے آزادی اور قومی شاعری کی راہ میں کیا خدمات انجام دی ہیں۔
- نظمیں تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے کا ایک موثر وسیلہ ہیں۔ موضوعات کی کثرت اور زبان و بیان کے مختلف اسالیب کی اہمیت کے نقطۂ نظر سے اس کا مطالعہ قاری کو اظہار کی قوت فراہم کرتا ہے۔ اس کے توسط سے تشبیہ استعارہ نیز دیگر صنائع لفظی و معنوی کی تفہیم کی راہ آسان کرتا ہے جس کی بدولت طلبہ کی تخلیقی قوت کو نہ صرف نمو ملتا ہے بلکہ زبان و بیان پر بہتر گرفت کی وجہ سے وہ اپنے مافی الضمیر کو خوش اسلوبی سے بیان کرنے پر قدرت رکھنے کی پوزیشن میں ہوتا ہے۔
- شاعری نہ صرف ہمارے جذبات کو برانگیختہ کرتی ہے، بلکہ ہمارے لاشعور کو روشن بھی کرتی ہے۔ اس طرح وہ ہماری داخلی وخارجی قوتوں کو عمل کی جانب راغب کرنے کا فرض انجام دیتی ہے جو آخرکار سماجی افادیت، ذہنی بیداری اور تہذیبی مطالعے کی راہوں کو روشن کرنے کا کام بھی کرتی ہے۔

Unit-I

نظم کی تعریف

نظم کی اقسام

پابند نظم، نظم معرا، آزاد نظم، نثری نظم

جدید نظم اور انجمن پنجاب

Unit-II

اردو نظم کے موضوعات

نظم میں ہیئت اور تکنیک کے تجربے

نظم کا عہد بہ عہد ارتقا

اردو نظم کا تہذیبی، معاشرتی اور ثقافتی تجزیہ

Unit-III

شامل نصاب شعرا کا مطالعہ نیز شامل نظموں کا تنقیدی جائزہ

حالیؔ :مناجاتِ بیوہ، حب وطن

اکبرؔ :برقِ کلیسا، فرضی لطیفہ

اقبالؔ :جبرئیل وابلیس، نیا شوالہ، نانک

چکبستؔ :گوپال کرشن گوکھلے، خاکِ ہند

جوشؔ :ایسٹ انڈیا کمپنی کے فرزندوں سے خطاب، نقاد، جنگل کی شہزادی

Unit-IV

شامل نصاب شعرا کا مطالعہ نیز شامل نظموں کا تنقیدی جائزہ

مجازؔ :رات اور ریل، نذرِ علی گڑھ

فیضؔ :ہم جو تاریک راہوں میں مارے گئے، مجھ سے پہلی سی محبت مرے محبوب نہ مانگ

مخدومؔ :اک چنبیلی کے منڈوے تلے، چارہ گر

سردار جعفری :تم نہیں آئے تھے جب، ٹوٹا ہوا ستارہ

ساحرؔ :اے شریف انسانو!، تاج محل

Unit-V

شامل نصاب شعرا کا مطالعہ نیز شامل نظموں کا تنقیدی جائزہ

اختر الایمان :یادیں، ایک لڑکا

ن.م. راشدؔ :زنجیر، سومنات

میرا جی :جاتری

معاون کتب:

اردو میں قومی یکجہتی کے عناصر :مجاور حسین

جدید اردو شاعری :عبد القادر سروری

جدید شاعری :عبادت بریلوی

نئ نظم کا سفر :خلیل الرحمان اعظمی

فیض افکار و اقدار :سید شفیق احمد اشرفی

اردو شاعری میں نظم معرا اور آزاد نظم :حنیف کیفی

ہندی ادب کی تاریخ :محمد حسن

اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک :خلیل الرحمن اعظمی

جدید نظم حالیؔ سے میرا جی :کوثر مظہری

نئ نظم کا سفر :خلیل الرحمن اعظمی

معاصر ادب کے پیش رو :محمد حسن

اردو نظم پر یورپی اثرات :حامدی کاشمیری

ن. م. راشد: ایک مطالعہ :جمیل جالبی

اختر الایمان: عکس اور جہتیں :شاہد ماہلی

اسرار الحق مجازؔ :شارب ردولوی

فکر اقبال :خلیفہ عبد الحکیم

علی سردار جعفری: ایک مطالعہ :رفیعہ شبنم عابدی

# M.A. (Urdu) Semester IV
# Paper 22
# Elective
# (B) Taraqqi Pasand Tahreek
# ترقی پسند تحریک
# Paper Code: URDEL 402

Total Marks: 100

(Internal=30+End Semster=70)

Total Credit: 4

Total: 45 Lectures, 15 Tutorials

## Course Outcomes

اس کورس کا مقصد طلبہ کے اندر درج ذیل صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔

- طلبہ کو ترقی پسند تحریک سے واقف کرانا ہے کہ یہ اردو کی دوسری تحریکات سے کیوں مختلف ہے اور اس کا سماجی و تاریخی پس منظر کیا ہے۔ اس کی فکری بنیاد کارل مارکس کے نظریہ پر مبنی ہے۔
- ہندوستان میں ترقی پسند تحریک کے بنیاد گزاروں میں سجاد ظہیر، ملک راج آنند، علی احمد اور پریم چند غیرہ نے مختلف زبانوں کے ترقی پسند مصنفوں کی کانفرنس کر کے اس کی فکری بنیادوں کو ملک کے مختلف گوشوں میں پہنچانے میں اہم رول ادا کیا۔
- ترقی پسند تحریک سے پہلے اردو کے ادیب جاگیر داروں، امیروں ور ئیسوں کی پروردہ تھے اور انہیں کی قصیدہ خوانی کرتے تھے۔ پہلی بار اس کانفرنس کے ذریعہ ادب کو عوام کے قریب لانے اور اس کا ترجمان بنانے کی بات کی گئی۔
- پریم چند نے اپنے صدارتی خطبہ میں کہا! ہمیں حسن کا معیار بدلنا ہو گا۔ ابھی تک اس کا معیار امیرانہ اور عیش پرورانہ تھا۔ اس کی نگاہیں محل سراؤں اور بنگلوں کی طرف اٹھتی تھیں۔ جھونپڑے اور کھنڈرات اس کے التفات کے قابل نہ تھے۔ انھیں وہ انسانیت کے دامن سے خارج سمجھتا تھا۔
- ترقی پسند ادیبوں نے کسانوں، مزدوروں اور کم نصیب طبقوں کو اپنا ہیرو بنانا اور ان کے مسائل و مصائب کو اپنی تخلیقات میں پیش کرنا شروع کر دیا۔ اب اردو ادب میں ادب برائے زندگی کا تصور پیش کیا جانے لگا۔ اردو کی بیشتر اصناف سخن پر اس کے اثرات نمایاں طور پر دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس تحریک کے نظریہ کے تحت تخلیق کئے گئے ادب اور اس کی اہمیت و افادیت سے طلبہ کو واقف کرانا ہے۔

- ترقی پسند تحریک نے ادب اور سماج کے رشتے پر زور دیا، اور بے شمار سماجی مسائل کو ترقی پسندانہ نقطۂ نظر سے سمجھنے سمجھانے کی روایت قائم کی، جس کی بدولت شاعر اور عوام ایک دوسرے سے نہ صرف قریب ہوئے بلکہ ادیبوں اور شاعروں کو سماج کے حقیقی مسائل کا ادراک ہو سکا۔ نتیجے میں ایسا ادب معرضِ وجود میں آیا جس کی سماجی افادیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ عوامی مسائل پہلی مرتبہ ترقی پسند تحریک کے ذریعہ اجتماعی صورت میں پیش کیے گئے۔

Unit-I

ترقی پسند تحریک کا تاریخی پس منظر

ترقی پسند تحریک کی فکری بنیادیں

ترقی پسند ادب کا آغاز وارتقا

ترقی پسند تحریک پر اعتراضات

Unit-II

ترقی پسند تحریک کی نثری خدمات

ترقی پسند تحریک کے زیر اثر اردو ناول نگاری

ترقی پسند تحریک اور اردو افسانہ

Unit-III

ترقی پسند تحریک اور اردو ڈرامہ،

ترقی پسند تحریک اور رپورتاژ

ترقی پسند تحریک کے زیر اثر خاکہ نگاری

ترقی پسند تحریک اور طنز و مزاح نگاری

Unit-IV

ترقی پسند تحریک کی شعری خدمات: نظم وغزل

فیض کی نظم نگاری

سردار جعفری کی نظم گوئی

مجاز، ساحر، مخدوم کی نظم گوئی

ترقی پسند تحریک اور اردو غزل

فیض اور مجاز کی غزل گوئی

مجروح اور مخدوم کی غزل گوئی

Unit-V

ترقی پسند تنقید

سجاد ظہیر کی تنقید نگاری

احتشام حسین کی تنقید نگاری

محمد حسن کی تنقید نگاری

سردار جعفری کی تنقید نگاری

عملی مشق۔ تشریح اور تبصرہ

**معاون کتب:**

روشنائی :سجاد ظہیر

ترقی پسند ادب :علی سردار جعفری

ترقی پسند ادب :عزیز احمد

اردو ادب کے ارتقا میں ادبی تحریکوں و رجحانوں کا حصہ: منظر اعظمی

اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک : خلیل الرحمان اعظمی

ترقی پسند ادب: پچاس سالہ سفر : قمر رئیس

# M.A. (Urdu) Semester IV
## Paper 23
## Master Thesis

**Dissertation and Viva-Voce**

مقالہ نویسی اور زبانی امتحان (وائیوا)

## Paper Code: URDMT 401

**Total Marks: 200**
**(Internal=140+End Semster=60)**
**Total Credit: 8**
**Total: 45 Lectures, 15 Tutorials**

### Programme Outcomes

اس پرچے کے تحت طلبہ کسی ادبی موضوع پر ایک تحقیقی مقالہ قلم بند کریں گے جس کی ضخامت پچاس صفحات سے زائد پر مشتمل ہوگی۔ طلبہ اساتذہ کی رہنمائی میں اپنے موضوع کا تعین کریں گے اور کسی بھی استاد کی نگرانی میں یہ کام مکمل کریں گے۔ اس مقالے کے لیے بھی 200 نمبرات مختص کیے گئے ہیں، جس کی تقسیم درج ذیل طریقے پر کی گئی ہے:

| | | |
|---|---|---|
| مقالہ نویسی | 140 | نمبرات |
| زبانی امتحان (وائیوا) | 60 | نمبرات |

# M.A. (Urdu) Semester IV
# Paper 24
# Intradepartmental Course
## (A) Persian Foundation
## فارسی فاؤنڈیشن
## Paper Code: URDIRA 401

Total Marks: 100

(Internal=30+End Semster=70)

Total Credit: 4

Total: 45 Lectures, 15 Tutorials

Course Outcomes

اس پرچے کا مقصد طلبہ کے اندر درج ذیل صلاحیتیں پیدا کرنا ہے:

- دنیا کی دو عظیم اور قدیم تہذیبوں (زرتشت اور سنسکرت) کے اشتراک کو سمجھنا۔
- عہدِ مغلیہ میں فارسی سرکاری زبان تھی۔ جو ہندوستان کی تاریخ کا اہم حصہ ہے۔ اس عہد کے سیاسی، ثقافتی تہذیبی رشتے کو ہندوستان کی قدیم اور جدید تاریخ سے ہم آہنگ کرنا۔
- اردو کے ارتقاء میں فارسی زبان کے سہم کو متعین کرنا۔
- فارسی ادب کے بین الاقوامی سطح پر شاہکار ادب پاروں کی خصوصیات سے آگاہ کرنا۔
- اردو زبان کے ان عناصر سے، جن کی بنیاد پر فارسی کو اردو کی ماں کہا جاتا ہے، سے طلبہ کو روشناس کرانا۔
- خاندان السنہ میں اردو اور فارسی زبان کے خاندانی رشتے کی وضاحت کرنا۔
- پوری دنیا قتل وغارت گری کا شکار ہے۔ دہشت گردی کا بول بالا ہے۔ ضرورت ہے تصوف کے حقیقی عناصر کا فروغ پانا تاکہ الفتِ انسایت اور خدمت خلق ترویج پائے۔

Unit I

فارسی زبان کی مختصر تاریخ

فارسی زبان کا عہد بہ عہد ارتقا

Unit II

فارسی کے نامور شعرا و نثر نگار

سعدی شیرازی کی شاعری و نثر نگاری

گلزار دبستاں (نصف حصہ) کے متن کا مطالعہ

کریما (نصف حصہ) کے متن کا مطالعہ

Unit III

ہندوستان میں فارسی زبان و ادب کا جائزہ

امیر خسرو کی غزل گوئی

شب جائے کہ من بودم

من دیگر اں تو دیگری

Unit IV

فارسی کی قواعد

اسم اشارہ، تذکیر و تانیث، حروف استفہام

ماضی کے افعال اور صیغے

مصدر سے مختلف افعال بنانے کے طریقے

Unit V

فارسی کا تصوف کے فروغ میں حصہ

مولانا روم، حافظ اور عمر خیام کے کلام میں صوفیانہ عناصر

ہندوستان کی خانقاہوں کا انسانی اقدار اور قومی یک جہتی کے فروغ میں حصہ

معاون کتب:

گلزار دبستاں : قاضی سجاد حسین

کریما : قاضی سجاد حسین

فارسی آمدنامہ

# M.A. (Urdu) Semester IV
## Paper 24
## Intradepartmental Course
## (B) Arabic Foundation
## عربی فاؤنڈیشن
## Paper Code: URDIRA 401

**Total Marks: 100**
**(Internal=30+End Semster=70)**
**Total Credit: 4**
**Total: 45 Lectures, 15 Tutorials**

Course Outcomes

اس پرچے کا مقصد طلبہ کے اندر درج ذیل صلاحیتیں پیدا کرنا ہے:

- دنیا کی دو عظیم اور قدیم تہذیبوں (آریائی اور سامی) کے اشتراک کو سمجھنا۔
- عہدِ مغلیہ میں فارسی سرکاری زبان تھی، لیکن اس دور میں عربی زبان وادب نے بھی ہندوستان کی تاریخ میں اہم کردار ادا کیا تھا، چنانچہ اس عہد کے سیاسی، ثقافتی تہذیبی رشتے کو ہندوستان کی قدیم اور جدید تاریخ سے ہم آہنگ کرنا۔
- اردو کے ارتقامیں عربی زبان کے کردار کا تعین کرنا۔
- ہندوستان اور عرب کے تعلقات بہت قدیمی رہے ہیں۔ عرب وہند کے تجارتی تعلقات نیز ادبی رشتوں کی تفہیم،
- اردو زبان پر عربی کے اثرات کی نشان دہی کرنا
- چوں کہ قدیم اردو ادب کا بہت سارا سرمایہ عربی زبان وادب میں موجود ہے، اس لیے مذکورہ کورس کی تکمیل سے طلبہ کے اندر ایسی صلاحیتیں پیدا ہو سکیں گی کہ وہ ان قدیم ادب کی تفہیم کے قابل ہو سکیں۔
- اردو کے ساتھ ساتھ عربی زبان وادب کی تفہیم سے طلبہ کے اندر کثیر لسانی شخصیت کے فروغ میں مدد ملے گی۔ اس کے علاوہ خلیجی ممالک نیز عربی اداروں میں ملازمت کے بہتر مواقع مل سکیں گے۔

Unit I

عرب علاقے کی جغرافیائی تحدید

عربی زبان وادب کی مختصر تاریخ

عربی زبان وادب کا عہد بہ عہد ارتقا

Unit II

جاہلی دور کی خصوصیات اور نمائندہ ادیبوں کا تعارف

اسلامی دور کی خصوصیات اور نمائندہ ادیبوں کا تعارف

جاہلی، اسلامی اور مخضرمی کا معنی و مفہوم

Unit III

اموی دور کی خصوصیات اور نمائندہ ادیبوں کا تعارف

عباسی دور کی خصوصیات اور نمائندہ ادیبوں کا تعارف

عہد جدید اور عربی ادب

Unit IV

عربی قواعد

حروف قمری و شمسی کی شناخت

اسم، فعل اور حرف کی شناخت،

واحد جمع کی بحث

گنتیاں، ایام، اور مہینوں کے نام

Unit V

ابتدائی عربی شناسی

عبارتوں کی تفہیم و ترجمہ

اردو سے عربی میں ترجمہ و برعکس

متن: منہاج العربیہ
قصص النبیین

معاون کتب:

عربی ادب کی تاریخ: عبد الحلیم ندوی

تاریخ ادب عربی : احمد حسن زیات

معلم الانشا : عبد الماجد ندوی

امین النحو : عبدالمعید بنارسی

امین الصرف : عبدالمعید بنارسی